سوال

(171)میاں بیوی کاایک دوسرے کے زیرناف بال صاف کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کوئی شخص اپنے زیرناف بال اپنی بیوی سے صاف کرواتا ہے اور بیوی کے زیرناف بال خودصاف کرتا ہے اوریہ کام دونوں کی رضامندی اورخوشی سے ہوتا ہے؟ کیا یہ جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس عمل کی شریعت بظاہر کوئی ممانعت موجود نہیں ہے، کیونکہ میاں بیوی ایک دوسرے کا سارا جسم دیکھ سکتے ہیں اورایک دوسرے سے فائدہ بھی اٹھا سکتے ہیں۔ جب دیکھا جا سکتا ہے تو بال کاٹنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اللہ تعالی نے میاں بیوی کوایک دوسرے کے لئے لباس قرار دیا ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے۔

هُنَّ لِباسٌ لَكُم وَأَنتُم لِباسٌ لَهُنَّ ۔۔۔ سورة البقرة ... ١٨٧

وہ تمہارے لئے لباس ہیں اور تم ان کے لئے لباس ہو۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی